سوال

(181) فجر اور مغرب کے وقت گھر میں جھاڑو دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

فجر اور مغرب کے وقت گھر میں جھاڑو دینے کا کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صفائی نصف ایمان ہے ، اور گھروں میں جھاڑو دینے یا صفائی کرنے کے حوالے سے شریعت نے کوئی وقت مقرر نہیں کیا ہے اور نہ ہی کسی وقت جھاڑو دینے سے منع کیا ہے ، لہذا آپ فجر اور مغرب کے ٹائم سمیت کسی بھی وقت گھر میں جھاڑو دے سکتے ہیں ، شرعا اس کی کوئی ممانعت نہیں ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی